مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# Maulana Azad National Urdu University

## M.A. URDU IV Semester Examination April/May -2026

Paper Title: **Urdu Nazm** Paper Code: **MAUR402CCT**

پرچہ : اردو نظم

Time : **3** Hrs **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات (3) حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں (10) لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے (1) نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں (8) سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی (5) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (6) نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں (5) سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی (3) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (10) نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

**سوال : 1**

(i) ''جدید اردو نظم: نظریہ وعمل'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) عقیل احمد صدیقی (b) خلیل الرحمٰن اعظمی (c) وزیر آغا (d) سردار جعفری

(ii) فیض احمد فیضؔ کی کون سی نظم ''ایتھل اور جولیس روزنبرگ کے خطوط'' سے متاثر ہو کر لکھی گئی ہے؟

(a) تنہائی (b) ہم جو تاریک راہوں میں مارے گئے (c) صبح آزادی (d) زنداں کی ایک شام

(iii) درج ذیل میں کون سی نظم حالیؔ کی نہیں ہے؟

(a) نشاط امید (b) حب وطن (c) مٹی کا دیا (d) مفلسی

(iv) درج ذیل میں کون سا شعری مجموعہ جوشؔ کا نہیں ہے؟

(a) روح ادب (b) شعلہ وشبنم (c) سب رنگ (d) سیف وسبو

(v) ''کبھی ہم سن حسینوں میں بہت خوش کام ودل رفتہ۔ کبھی پیچاں بگولہ ساں کبھی جیوں چشم خوں بستہ'' یہ شعر کس نظم سے موخوذ ہے؟

(a) چاند تاروں کا بن (b) ایک لڑکا (c) برق کلیسا (d) زنجیر

(vi) درج ذیل میں کون سا جوڑ درست نہیں ہے؟

(a) خاک ہند۔ چکبستؔ (b) نذر علی گڑھ۔ مجازؔ (c) صبح آزای۔ مخدوم محی الدین (d) کلرک کا نغمۂ محبت۔ میرا جی

(vii) ''ایشیا جاگ اٹھا'' کس کی طویل نظم ہے؟

(a) علی سردار جعفری (b) ن م راشد (c) مخدوم محی الدین (d) اختر شیرانی

(viii) درج ذیل میں ''حلقۂ ارباب ذوق'' سے وابستہ نظم نگار کی نشاندہی کیجیے۔

(a) محمد حسین آزاد (b) میراجی (c) اسمٰعیل میرٹھی (d) چکبست

(ix) نظم ''چاند تاروں کا بن'' مخدوم محی الدین کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

(a)سرخ سویرا (b)بساط رقص (c)گل تر (d)محبت کی چھاؤں

(x) نظم ''ساقی نامہ'' علامہ اقبال کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

(a) بال جبریل (b) بانگ درا (c) ارمغان حجاز (d) جاوید نامہ

## حصہ دوم

2. اردو نظم کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔

3. حالی کی نظم ''مناجات بیوہ'' پر مختصر نوٹ لکھیے۔

4. نظیر اکبرآبادی کی نظم ''آدمی نامہ'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

5. اختر الایمان کی نظم ''ایک لڑکا'' پر اظہار خیال کیجیے۔

6. اکبرالہ آبادی کی نظم ''برق کلیسا'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

7. ترقی پسند اردو نظم پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

8. جدید اردو نظم کے فروغ میں انجمن پنجاب کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

9. نظم ''کسان'' کے حوالے سے جوش کی نظم نگاری پر مختصر نوٹ لکھیے۔

## حصہ سوم

10. نظم کی تعریف اور اقسام بیان کیجیے۔

11. نظیر اکبرآبادی کی نظم نگاری کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

12. اکبرالہ آبادی کی نظم نگاری پر روشنی ڈالیے۔

13. علامہ اقبال کی نظم ساقی نامہ پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

14. فیض احمد فیضؔ کی نظم نگاری پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆